16 اگست 2013ء

اسٹیٹ بینک نے ادائیگیوں کے توازن کے مینوئل BPM6 کو نافذ کر دیا

اسٹیٹ بینک کے شعبہ شماریات و ڈیٹا ویئر ہاؤس نے جولائی 2013ء سے آئی ایم ایف کے ادائیگیوں کے توازن کے چھٹے ایڈیشن اور سرمایہ کاری کی بین الاقوامی پوزیشن کے مینوئل (BPM6) میں وضع کردہ طریقہ کار کی بنیاد پر پاکستان کے ادائیگیوں کے توازن کی ترسیل کی طرف پیش رفت شروع کر دی ہے۔

بی پی ایم 6 (BPM6) میں مینوئل (BPM5) کے سابقہ ایڈیشن (پانچویں) کے طریقہ کار کے مجموعی فریم ورک کو برقرار رکھا گیا ہے۔ تاہم، BPM6 میں دیگر میکرو اکنامکس شماریات کے شعبے میں نیشنل اکاؤنٹس کے نظام اور عالمی معیارات کو اپڈیٹ کرنے کے باعث آئی ایم ایف کے بیرونی شعبے کے اعداد و شمار کی سفارشات کی ہم آہنگی میں اضافہ ہوا ہے۔

ادائیگیوں کے توازن کے اکاؤنٹس میں اہم تبدیلیوں کی تفصیلات اس لنک پر دیئے گئے نظر ثانی جائزے میں دستیاب ہیں۔

http://www.sbp.org.pk/departments/stats/Notice/BPM6-Revision-16-Aug-13.pdf

☆☆☆☆☆